# تعارفِ کُتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

کتاب : سوانح شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ صاحب
مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی
صفحات : 320
قیمت : درج نہیں
ناشر : القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد، نوشہرہ، سرحد، پاکستان

© rasailojaraid.com

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ برصغیر کے صف اول کے علمائے حق میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کا انتقال 1988ء میں ہوا۔ انہوں نے راسخ العلم شیوخ سے کسب فیض کیا جن میں مولانا حسین احمد مدنی ؒ اور مولانا اعزاز علیؒ جیسے معروف علماء شامل تھے۔ علم حدیث کی جانب آپ کا خصوصی رجحان تھا۔ یہاں تک کہ شیخ الحدیث کے نام سے ہی آپ معروف ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علمی فضیلت کے ساتھ ساتھ سیاسی میدان میں بھی عظمت عطا کی۔ ایک دارالعلوم کے منتظم ہونے کے ساتھ آپ قومی اسمبلی کے رکن بھی رہے اور دونوں ذمہ داریوں کو باحسن وجوہ پورا کیا۔

مصنف نے اس کتاب میں شیخ الحدیث کے سوانح حیات کو یکجا کر کے پیش کر دیا ہے جو قارئین کے لئے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ کتاب چوبیس ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب آپؒ کے حالات زندگی، کمالات علمی اور عظمت کردار کے کسی ایک پہلو کو اجاگر کر رہا ہے۔ مصنف کی یہ کوشش قابل تعریف ہے۔ اپنے اسلاف کے ساتھ جڑے رہنا اور اُن کی زندگیوں کے تابناک پہلوؤں سے کردار سازی میں راہ نمائی حاصل کرنا ایک زندہ روایت ہے۔ یہ تصنیف اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

کتاب ظاہری اور باطنی خوبیوں سے مزین ہے، تاہم کہیں کہیں پروف ریڈنگ کی غلطی بھی ملتی ہے۔

© rasailojaraid.com